Terms and Conditions for Bank Alfalah Teenager Account

شرائط وضوابط برائے بینک الفلاح ٹین ایجر اکاؤنٹ



Bank Alfalah

Account Title
اکاؤنٹ کا نام

Account No.
اکاؤنٹ نمبر

Bank Alfalah
The Way Forward

Bank Alfalah Teenager Account

Terms and Conditions

شرائط وضوابط برائے بینک الفلاح ٹین ایجر اکاؤنٹ

Terms and Conditions: شرائط وضوابط:

In consideration of the Bank Alfalah Limited, (hereinafter referred to as the "Bank") offering a facility for opening of Bank Alfalah Teenager Account in my/our name(s) (hereinafter referred to as the "Account") and providing banking facilities to me/us, I/we ("Customer") do hereby agree to be bound by the Terms and Conditions set below and agree that the Account will be governed by and be subject to these Terms and Conditions, which are an integral part of General Terms and Conditions of the Bank's governing Account Opening ("General Terms and Conditions"). I/we also agree that all deposits that may be placed by me/us with the Bank are subject to the prevailing rules and regulations of the State Bank of Pakistan and are governed by laws of Pakistan in effect from time to time ("Rules and Regulations"). These Terms shall apply to the Bank Alfalah Teenager Account maintained with the Bank or its successors or assigns and the banking facility offered hereunder.

بینک الفلاح لمیٹڈ (جسے اس دستاویز میں آگے "بینک" کہا جائے گا) میرے/ہمارے نام پر بینک الفلاح ٹین ایجر اکاؤنٹ (جسے اس دستاویز میں آگے "اکاؤنٹ" کہا جائے گا) کھولنے اور مجھے/ہمیں بینکنگ کی سہولیات فراہم کرنے کی سہولت پیش کرتا ہے، میں/ہم ("صارف") مندرجہ ذیل شرائط سے متفق ہوں/ہیں اور اس بات سے بھی متفق ہوں/ہیں کہ اکاؤنٹ ان شرائط وضوابط کے تحت چلایا جائے گا اور ان سے مشروط ہوگا، جو بینک کے گورننگ اکاؤنٹ اوپننگ ("عام شرائط وضوابط") کی عمومی شرائط وضوابط کا ایک لازمی حصہ ہیں۔ میں/ہم اس بات سے بھی اتفاق کرتا ہوں/کرتے ہیں کہ وہ تمام ڈپازٹس جو میرے/ہمارے ذریعہ بینک میں رکھے جائیں، وہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مروجہ قواعد وضوابط کے تابع ہیں، اور وقتاً فوقتاً مؤثر ہونے والے پاکستان کے قوانین کے تحت چلتے ہیں ("قواعد وضوابط")۔ یہ شرائط بینک الفلاح ٹین ایجر اکاؤنٹ پر لاگو ہوں گی جو بینک یا اس کے جانشینوں یا تفویض کردہ اداروں کے ساتھ برقرار رکھا گیا ہو نیز اس کے تحت فراہم کردہ بینکنگ سہولیات پر بھی لاگو ہوں گی۔

1. Only individuals (Resident Pakistanis) of ages 13 to 18 are eligible to open Bank Alfalah Teenager Account in Pak Rupees as singly or jointly.

1. صرف 13 سے 18 سال کی عمر کے افراد (پاکستانی مقیم شہری) بینک الفلاح ٹین ایجر اکاؤنٹ پاکستانی روپے میں انفرادی یا مشترکہ طور پر کھولنے کے اہل ہیں۔

2. There is no initial deposit or minimum balance requirement.

2۔ اس اکاؤنٹ کے لیے کسی ابتدائی رقم یا کم از کم بیلنس کی شرط نہیں ہے۔

3. Customer can open a Current or Savings account. Profit will be payable on Bank Alfalah Teenager Savings Account. No profit will be paid on Alfalah Teenager Current Account.

3۔ صارف کرنٹ یا سیونگز اکاؤنٹ کھول سکتا ہے۔ بینک الفلاح ٹین ایجر سیونگز اکاؤنٹ پر منافع ادا کیا جائے گا، جبکہ الفلاح ٹین ایجر کرنٹ اکاؤنٹ پر کوئی منافع ادا نہیں کیا جائے گا۔

4. Bank Alfalah Teenager Account will be Saving account by default, unless otherwise requested by the applicant.

4۔ بینک الفلاح ٹین ایجر اکاؤنٹ بطور ڈیفالٹ سیونگ اکاؤنٹ ہوگا، جب تک کہ درخواست دہندہ کی طرف سے درخواست نہ کی جائے۔

5. Profit will be paid as per the prevailing profit rate sheet.

5۔ منافع موجودہ منافع کی شرح (ProfitRateSheet) کے مطابق ادا کیا جائے گا۔

6. Profit incurred on Bank Alfalah Teenager Account will be credited in the account on monthly basis and calculated on Monthly Average Balance.

6۔ بینک الفلاح ٹین ایجر اکاؤنٹ پر حاصل ہونے والا منافع ماہانہ بنیاد پر اکاؤنٹ میں جمع کیا جائے گا اور اس کا حساب ماہانہ اوسط بیلنس کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

Bank Alfalah
The Way Forward

7. Credits through foreign inward remittances are allowed (equivalent to PKR).

7۔ غیر ملکی اندرونی ترسیلاتِ زر (ForeignInwardRemittances) کے ذریعے رقوم جمع کروانے کی اجازت ہے، بشرطیکہ وہ پاکستانی روپے کے مساوی ہوں۔

8. Issuance of Cheque Book / Banker's Cheque / Credit Card / Overdraft / Financing is not allowed.

8۔ چیک بک، بینکرز چیک، کریڈٹ کارڈ، اوور ڈرافٹ یا فنانسنگ کی سہولت فراہم نہیں کی جائے گی۔

9. The account will automatically be flagged when the minor turns 18 and a debit block will be placed in the account.

9۔ جب نابالغ کی عمر 18 سال ہو جائے گی تو اکاؤنٹ خود کار طور پر نشان زد کر دیا جائے گا اور اس پر ڈیبٹ بلاک لگا دیا جائے گا۔

10. Letter regarding minor attaining age of majority will be sent to the Customer (Guardian/Parent) one month before the date minor attains age of majority, which is 18 years.

10۔ نابالغ کے سنِ بلوغت (18 سال) کو پہنچنے سے ایک ماہ قبل صارف (والدین/سرپرست) کو اس بارے میں ایک خط ارسال کیا جائے گا۔

11. After minor attains majority, which is 18 years, the Guardian/Parent shall have to close the account and upon the instructions of the minor who would have attained majority, the Bank may (at its sole discretion) open a new account in name of the minor who would have attained majority, after ful¬filling all the necessary documentation and requirement for opening a new account, as per the policy/procedure of the Bank, as applicable from time to time.

11۔ جب نابالغ 18 سال کی عمر کو پہنچ جائے گا تو والدین/سرپرست کو اکاؤنٹ بند کرنا ہوگا۔ اس کے بعد، بالغ ہونے والے فرد کی ہدایات پر، بینک اپنی صوابدید کے مطابق اس کے نام پر نیا اکاؤنٹ کھول سکتا ہے، بشرطیکہ نئے اکاؤنٹ کے لیے درکار تمام دستاویزات اور شرائط پوری کی جائیں، جیسا کہ وقتاً فوقتاً بینک کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے مطابق مقرر کیا گیا ہو۔

12. The process for closing of the account shall be as per the applicable policy/procedure of the Bank.

12۔ اکاؤنٹ بند کرنے کا عمل بینک کی قابلِ اطلاق پالیسیوں اور طریقۂ کار کے مطابق انجام دیا جائے گا۔

13. The account will not be used for business/ other purposes.

13۔ یہ اکاؤنٹ کاروباری یا کسی دوسرے غیر مجاز مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

14. No additional service charges shall be recovered from the Customer at the time of opening or closing of Bank Alfalah Teenager Account.

14۔ بینک الفلاح ٹین ایجر اکاؤنٹ کھولنے یا بند کرنے کے وقت صارف سے کوئی اضافی سروس چارجز وصول نہیں کیے جائیں گے۔

15. Customers can subscribe to other banking services such as SMS Alerts, E-statements and Internet Banking subject to a specific request and consent to the Terms and Conditions thereof.

15۔ صارفین اپنی درخواست اور متعلقہ شرائط و ضوابط سے اتفاق کی بنیاد پر دیگر بینکاری سہولیات، جیسے ایس ایم ایس الرٹس، ای-اسٹیٹمنٹس اور انٹرنیٹ بینکنگ، حاصل کر سکتے ہیں۔

16. All charges besides the free services will be charged as per prevailing Schedule of Charges.

16۔ مفت فراہم کی جانے والی سہولیات کے علاوہ تمام دیگر چارجز بینک کے موجودہ شیڈول آف چارجز (ScheduleofCharges) کے مطابق وصول کیے جائیں گے۔

Bank Alfalah
The Way Forward

17. These Terms and Conditions may be revised or modified by the Bank from time to time and shall be subject to the laws of Islamic Republic of Pakistan, including all notifications, directives, circulars and regulations of the State Bank of Pakistan. The revised or modified terms will be effective upon expiry of 30 days from the advance notice given to the Customer. Such will be served as per prevailing Rules and Regulations of Pakistan.

17۔ بینک وقتاً فوقتاً ان شرائط وضوابط پر نظرِ ثانی یا ان میں ترمیم کرسکتا ہے، اور یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کے تابع ہوں گے، جن میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تمام نوٹیفکیشنز، ہدایات، سرکلرز اور ضوابط شامل ہیں۔ نظرِ ثانی شدہ یا ترمیم شدہ شرائط، صارف کو دیے گئے پیشگی نوٹس کے 30 دن مکمل ہونے پر نافذالعمل ہوں گی۔ ایسا نوٹس پاکستان کے مروجہ قواعد وضوابط کے مطابق جاری کیا جائے گا۔

18. Account Opening through Branch: The Customer acknowledges by signing/impressing thumb impression on the Account Opening Form that he/she has read or has/have read out to him/her and understood and agrees to be bound by these Terms and Conditions. Interpretation of these Terms and Conditions by the Bank shall be final and binding.

18۔ برانچ کے ذریعے اکاؤنٹ کھولنا:

صارف اکاؤنٹ اوپننگ فارم پر دستخط یا انگوٹھے کا نشان ثبت کرکے اس بات کا اقرار کرتا/کرتی ہے کہ اس نے ان شرائط وضوابط کو پڑھ لیا ہے یا اسے یہ شرائط پڑھ کر سنائی گئی ہیں، وہ انہیں سمجھتا/سمجھتی ہے اور ان کا پابند رہنے پر رضامند ہے۔ ان شرائط وضوابط کی بینک کی جانب سے کی گئی تشریح حتمی اور صارف پر لازم ہوگی۔

19. Account Opening through Rapid Portal / Digitally: The Customer shall sign up for Alfalah Teenager Account online through Alfalah RAPID portal / Alfa App. Customer shall fill out online account opening form and will share relevant details and documents. Customer shall agree to online product specific Terms and Conditions by checking on 'I Agree' checkbox, which will serve as an online binding confirmation to the Terms and Conditions.

19۔ ریپڈ پورٹل/ڈیجیٹل طریقے سے اکاؤنٹ کھولنا:

صارف الفلاح ٹین ایجر اکاؤنٹ کے لیے آن لائن الفلاح ریپڈ پورٹل یا الفا ایپ کے ذریعے رجسٹر کرے گا۔ صارف آن لائن اکاؤنٹ اوپننگ فارم مکمل کرے گا اور مطلوبہ معلومات و دستاویزات فراہم کرے گا۔ صارف "IAgree" چیک باکس کو منتخب کرکے اس پروڈکٹ سے متعلق آن لائن شرائط وضوابط سے اتفاق کرے گا، جو ان شرائط وضوابط کی پابندی کے لیے ایک آن لائن اور قانونی طور پر مؤثر تصدیق تصور کی جائے گی۔

Customer Signatures
(Copy Received and Accepted)

صارف کے دستخط
(کاپی موصول ہوئی اور قبول کی گئی)



Bank Alfalah

The Way Forward

021 111 225 111

bankalfalah.com